© rasailojaraid.com

الجامعۃ الاسلامیۃ العالمیۃ اسلام آباد) کے گھر تعزیت کیلئے گئے جہاں ان کے دوسرے بیٹے بھی موجود تھے البتہ ڈاکٹر صہیب حسن برطانیہ واپس جا چکے تھے، ان سے ٹیلی فون پر تعزیت کی ۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے اور تمام ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے ۔ (امین)

## مولانا عبدالستار (چترپڑی میرپور) کا سانحہ ارتحال

میرپور آزاد کشمیر کے نامور بزرگ عالم دین حضرت مولانا عبدالستار مورخہ 26 مارچ بروز سوموار طویل علالت کے بعد وفات پا گئے (انا للہ وانا الیہ راجعون) مولانا مرحوم کا شمار بزرگ علمی رہنماؤں میں ہوتا ہے۔ مولانا نے اپنی زندگی کا بیشتر حصہ دین کی تبلیغ میں گزارا۔

جہلم سے مرحوم کی نماز جنازہ میں شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل، مدیر التعلیم مولانا محمد عبداللہ، مفتی محمد شفیع اور قاری غلام رسول نے شرکت کی۔ رئیس الجامعہ بیرونِ ملک ہونے کی وجہ سے جنازہ میں شریک نہ ہو سکے۔ دورہ سے واپسی پر مولانا مرحوم کے گھر جا کر ان کے صاحبزادہ مولانا عبدالقیوم سے تعزیت کی، ان کے بڑے صاحبزادے مولانا عبدالرؤف ڈیوزبری برطانیہ میں امامت وخطابت کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔

رئیس الجامعہ نے مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں خطبہ جمعہ میں مولانا مرحوم کی خدمات کو سراہا اور نماز جمعہ کے بعد غائبانہ نماز جنازہ پڑھائی۔

## جامعہ ستاریہ کراچی کے وفد کی جامعہ آمد

مورخہ 24 اپریل بروز منگل جامعہ ستاریہ کا ایک وفد حضرت مولانا محمد السّلفی کی قیادت میں جامعہ آیا جن میں جماعت غرباء اہل حدیث کے مفتی محمد ادریس سلفی (فاضل مدینہ یونیورسٹی) بھی شامل تھے۔

دراصل معزز وفد مولانا عبدالعزیز اور ان کے ہونہار صاحبزادے ضلع مفتی آزاد کشمیر مفتی عبدالغفار کی دعوت پر ان کی مسجد میں سالانہ کانفرنس میں شرکت کیلئے آئے تھے کانفرنس کے اختتام پر اگلی صبح نماز فجر کے بعد مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث تشریف لائے۔ وفد نے رئیس الجامعہ اور اساتذہ سے ملاقات کی اور جامعہ کا دورہ کیا۔ معزز مہمانوں نے صبح کا ناشتہ اساتذہ کے ہمراہ کیا اور اس موقع پر علمی تبادلہ خیال کیا اور اسی روز واپس کراچی روانہ ہو گئے۔

## رئیس الجامعہ کا جامع مسجد اہل حدیث حاجی ائمہ میں درس

مورخہ 27 اپریل بروز جمعہ رئیس الجامعہ نے جامع مسجد اہل حدیث حاجی ائمہ میں درس قرآن حدیث ارشاد فرمایا اور درس کے بعد سوال وجواب کی طویل نشست ہوئی۔



© rasailojaraid.com